لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۷ جمادی الثانی ۱۳۴۲ھ مطابق ۱۴ جنوری ۱۹۲۴ء	نمبر ۲

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر بابو لاڈلے بہاری لال	۱
۲	عطاء اختیارات سپرنٹنڈنٹ آبکاری سہ ترمیمات قانون آبکاری	۲
۳	بابت ارسال نقشہ مصارف بجٹ	"
۴	اضافہ الاؤنس شجاعت خان سپاہی	"
۵	رخصت محافظ دفتر کلیات	"
۶	اعلان علمی ذخیرہ	"
۷	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

تقرر

۵ جنوری ۱۹۲۴ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر - بابو لاڈلے بہاری لال بی اے کا تقرر بعہدہ مدرس ریاضی ہائی اسکول میں بشاہرہ پچہتر روپیہ ماہوار منظور فرمایا گیا۔ آئندہ انکو جبتک ایک سو روپیہ ماہوار تنخواہ نہ ہو جائے - پانچ روپیہ سالانہ اضافہ ملتا رہیگا۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۷ جنوری ۱۹۲۴ء

صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت نے سفارش کی ہے کہ سپرنٹنڈنٹ آبکاری کو اختیار اجراء وارنٹ تلاشی حسب قانون آبکاری ریاست عطا فرمائے جائیں صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت کی یہ سفارش منظور کیجاتی ہے۔ اور حسب مسودہ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر قانون آبکاری میں حسب ذیل ترمیم کیجاتی ہے۔ قانون آبکاری ریاست رامپور مین جہان جہان الفاظ حاکم صاحب اعلے مال ہیں انکو قلمزد کیا جائے اور بجائے الفاظ مذکورہ کے الفاظ اعلے حاکم صاحب آبکاری یا سپرنٹنڈنٹ آبکاری اضافہ کئے جائیں۔

دفعہ ۳ حرف الف قانون مذکور میں بجائے الفاظ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے الفاظ صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت تحریر کئے جائیں اور بجائے الفاظ اعلے اختیارات صیغہ مال کے الفاظ اعلے اختیارات صیغہ آبکاری تحریر کئے جائیں

دفعہ ۳۰ قانون مذکور کے بعد حسب ذیل دفعہ اضافہ کیجائے۔

دفعہ ۳۰ الف جب کوئی شخص سپرنٹنڈنٹ آبکاری کے جاری کئے ہوئے وارنٹ کے ذریعہ سے گرفتار کیا جائے یا کوئی شے ضبط کیجائے تو اُس اہلکار کو جو گرفتاری یا ضبطی کرے لازم ہوگا کہ ۲۴ گھنٹہ کے اندر شخص گرفتار شدہ یا شے ضبط کردہ سپرنٹنڈنٹ آبکاری کے پاس بھیجدے۔ سپرنٹنڈنٹ آبکاری کو لازم ہوگا کہ بحیثیت سپرنٹنڈنٹ آبکاری ابتدائی تحقیقات کرنے کے بعد جو ضروری یا مناسب ہو شخص مذکور کی فوری رہائی یا شے مذکور کی واگذاشت کا حکم دے یا بحیثیت مجسٹریٹ اُس شخص یا شے کی نسبت حسب قانون آبکاری کارروائی کرے۔

لہذا حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام جاری کئے جائیں۔

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر
واقع ۲ جنوری ۱۹۲۴ء

جسقدر رقم کہ بجٹ میں سے وقتاً فوقتاً صرف ہو اور تعداد کی مجرائی ہو جائے اسکی ہواری تعداد بغرض مصالح انتظامی معلوم ہونیکی ضرورت ہے لہذا

حکم ہوا کہ

جملہ افسر صاحبان صیغہ جات ماتحت کو اطلاع دیجائے کہ حسب صراحت بالا منظوری مصارف بجٹ کا نقشہ تفصیل وار اپنے اپنے صیغہ کا مرتب کرکے ختم ۱۰ جنوری سے ماہ بماہ بغرض ملاحظہ ارسال اجلاس ہذا کیا جایا کرے۔ اور ایک نقل روبکار ہذا غرض اطلاع اجلاس ہذا میں پیش ہو اور نیز درج گزٹ کیجائے

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر
اضافہ
۲۰ جنوری ۱۹۲۴ء

حسب رپورٹ صاحب میونسپل افسر شجاعت خان سپاہی میونسپلٹی تنخواہ دار ۶ روپے الاونس کا بوجہ حسن انجام خدمات اور کرنے دیگر کام علاوہ کام متعلقہ خود پانچروپیہ الاونس اور مقرر کیا گیا اب شخص الیہ کو ۱۱ مع الاونس ملینگے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
رخصت
۳ جنوری ۱۹۲۴ء

بمطابق حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور معلے دام اقبالہم وملکہم سید کرار حسین محافظ دفتر کلیات کی مزید رخصت یکماہ بدستور سابق بہ نیابت محافظ دفتر و نگرانی محافظ دفتر محالات بوجہ آشوب چشم منظور ہوئی۔

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہوکر طبع ہوگئی ہیں ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھایئے۔ خود بھی خرید کر پڑھیے اور احباب کو بھی دکھایئے

قول شافی۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے قیمت ۱۲ محصول ڈاک صرف ۲ ہے۔

التوحید۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے اسمین وحدانیت خدا تعالیٰ کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے اسکی قیمت ۱۲ علاوہ محصول ڈاک ۲ ہے۔

جسقدر نسخے مطلوب ہوں بذریعہ درخواست محترم صاحب کتب خانہ کی خدمت میں ارسال فرمایئے۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

مطبوعہ ۱۲ جنوری ۱۹۲۴ء جلد ۳

نرخ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۷ لغایت ۱۴ جنوری سنہ ۱۹۲۴ء

نام جنس	رمیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۷۰ ار		۷ ار		۷۰ ار	
نخود خالص		۱۴ ار		۱۴ ار		۱۴ ار	
نخود کرشنه		۱۵ ار		۱۵ ار		۱۵ ار	
[illegible]		۱۵ ار		۱۶ ار		۱۶ ار	
ماش		۱۰ ار		۱۰ ار		۹ ار	
مونگ		۱۰ ار		۱۰ ار		۹ ار	
مکا		۰		۱۲ ار		۱۳ ار	
جئی		۰		۱۶ ار		۱۶ ار	
[illegible]		۰		۰		۱۳ ار	
[illegible]		۰		۱۵ ار		۱۴ ار	
[illegible]		۰		۰		۱۳ ار	
برنج		۱۵ ار		۶ ار		۱ ار	
روغن زرد		[illegible] ار		۰ ار		۰ ار	
روغن سیاه		۱ ار		۱ ار		۱ ار	
روغن کنجد		۰		[illegible]		۱ ار	
نمک پہاڑی		۶ ار		۶ ار		۷ ار	
نمک لاہوری		۶ ار		۵ ار		۷ ار	
قند سیاہ		۶ ار		۶ ار		۵	
باجرہ		۱۱ ار		۱۰ ار		۱۱ ار	